کیا گناہ کرنے سے نیکیاں برباد ہو جاتی ہیں؟

مجیب: مولانا محمد ماجد رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-997

تاریخ اجراء: 15 ذوالحجۃ الحرام 1444ھ /04 جولائی 2023ء

دارالافتاء اہلسنت
(دعوت اسلامی)

سوال

کیا گناہ کرنے سے نیکیاں برباد ہو جاتی ہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

حدیث شریف میں ہے:"عن ثوبان عن النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم انہ قال لاعلمن اقواما من امتی یأتون یوم القیامۃ بحسنات امثال جبال تہامۃ بیضا فیجعلہا اللہ عز وجل ہباء منثورا قال ثوبان یارسول اللہ صفہم لنا جلہم لنا ان لانکون منہم ونحن لا نعلم قال اما انہم اخوانکم ومن جلدتکم ویأخذون من اللیل کما تأخذون ولکنہم اقوام اذا خلوا بمحارم اللہ انتہکوھا" یعنی حضرت ثوبان رَضِیَ اللہ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:"میں اپنی امت میں سے ان لوگوں کو جانتا ہوں کہ جب وہ قیامت کے دن آئیں گے تو ان کی نیکیاں تہامہ کے پہاڑوں کی مانند ہوں گی لیکن اللہ تعالیٰ انہیں روشندان سے نظر آنے والے غبار کے بکھرے ہوئے ذروں کی طرح (بے وقعت) کر دے گا۔ حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، ہمارے سامنے ان لوگوں کا صاف صاف حال بیان فرمادیجئے تا کہ ہم جانتے ہوئے ان لوگوں میں شریک نہ ہو جائیں۔ سرکارِ دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:" وہ تمہارے بھائی، تمہارے ہم قوم ہوں گے، راتوں کو تمہاری طرح عبادت کیا کریں گے، لیکن وہ لوگ تنہائی میں برے اَفعال کے مُرتکب ہوں گے۔ (سنن ابن ماجہ مع شروح، جلد:2، کتاب الزھد، صفحہ:1560، مطبوعہ بیروت)

اس حدیث شریف میں تنہائی میں گناہ کرنے کو نیکیوں کی بربادی کا سبب قرار دیا گیا ہے، البتہ توبہ ایک ایسا عمل ہے جو سابقہ گناہوں کو مٹاتا ہے اور بندے کو اللہ تعالیٰ سے قریب کرتا ہے اگر بندہ سچی توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنا فضل فرمائے گا اور اس کے اعمال کا اجر اسے عطا فرمائے گا لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ

بندہ توبہ کی امید پر گناہ کرتا رہے کہ یہ تو دین کو مذاق بنانے کے مترادف ہے بلکہ بندہ خلوت میں بھی اپنے آپ کو گناہوں سے بچائے اور اگر کبھی گناہ ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں فی الفور سچی توبہ کرے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net